# ضلع بہاولپور




**رقبہ :** 24,830 مربع کلومیٹر **آبادی :** 24,33,091 افراد **تحصیلیں :** چھ (بہاولپور سٹی، حاصل پور، خیر پور ٹامیوالی، احمد پور شرقیہ، منڈی یزمان اور ضلعی صدر مقام بہاولپور)

**فصلیں :** گندم، چاول، کپاس، گنا، مکئی، باجرا، جوار، دالیں، روغنی اجناس اور آم کے باغات **اہم صنعتیں :** سوتی کپڑا، چینی، گھی، پلاسٹک، کپاس بیلنے کے کارخانے

**آب وہوا :** گرمیوں کا درجہ حرارت 42 ڈگری سینٹی گریڈ سے زائد جبکہ سردیوں میں درجہ حرارت 26 ڈگری سینٹی گریڈ سے کم ہو جاتا ہے۔ اوسطاً سالانہ بارش 25 ملی میٹر ہے

**مختصر تاریخ :** بہاولپور شہر قریباً 250 سال پہلے بہاول خاں اوّل نے آباد کیا تھا۔ محمود غزنوی نے یہاں پہلی اسلامی حکومت قائم کی۔ 200 سال بعد سلطان محمد غوری نے یہ علاقہ اپنی سلطنت میں شامل کر لیا۔ مغلیہ خاندان کے زوال پر عباسی خاندان کے بارہ نوابوں نے دو سو سال یہاں حکومت کی۔ انگریزوں نے بھی ریاست بہاولپور پر نوابوں کی حکومت قائم رکھی۔ قیام پاکستان پر نواب پنجم نے یہ ریاست پاکستان میں شامل کر دی۔